ilmkidunya
علم کی دنیا

Civics - FA Part 1 Civics Urdu Medium Chapter 9 Short Questions Preparation

Q1. رائے عامہ کی تشکیل کے لیے سیاسی جماعتوں کا کیا کردار ہے؟

Ans 1: سیاسی جماعتیں جمہوریت کی کامیابی کے لیے ضروری ہیں اور یہ رائے عامہ کی تشکیل کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں،سیاسی جماعتیں پریس اور پلیٹ فارم کے ذریعے عوام کو ان کے مسائل سے آگاہ کرتی ہیں اور اپنے انتخابی منشور اور ترقیاتی پروگرام کا اعلان کرتی ہیں،اس طرح عوام کو مختلف معاملات اور امور کے بارے میں اپنی رائے کی تشکیل میں بڑی مدد ملتی ہے جس کا اظہار وہ انتخابات میں اپنت ووٹ کے ذریعے کرتے ہیں.

Q2. سیاسی شعور سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: سیاسی شعور کا مطلب یہ ہے کہ ہر شہری قومی مسائل سے دلچسپی رکھے اور اس میں حقوق وفرائض کا احساس پایا جائے،اس کی رائے سوچ سمجھ پر مبنی ہو،تعصبات سے پاک ہو اور مفاد عامہ کے لیے ہو.

Q3. حق رائے دہی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ووٹ دینے کے حق کو حق رائے دہی کہا جاتا ہے.

Q4. میکا ئیور سیاسی جماعت کی تعریف کیا کرتا ہے؟

Ans 1: میکائیور سیاسی جماعت کی تعریف یوں کرتا ہے کہ: "افراد کا ایسا اجتماع ہے جو مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے آئینی ذرائع سے حکومت حاصل کرنے کے لیے کوشاں ہو".

Q5. انتخاب سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: وہ طریقہ جس سے شہری اپنے نمائندے چنتے ہیں انتخاب کہلاتا ہے.

Q6. موثر رائے عامہ کی تشکیل کے لیے قانون کی حکمرانی کیوں ضروری شرط ہے؟

Ans 1: صیح رائے عامہ کی تشکیل تبھی ممکن ہے جب تمام شہریوں کو قانون کی نظرمیں مساوی حثیت حاصل ہو،امیر غریب،ادنی اعلیٰ سب کے ساتھ قانون ایک جیسا سلوک کرے،تمام شہریوں کو یکسای حقوق حاصل ہوں.اس لیےموثر رائے عامہ کی تشکیل کے لیے قانون کی حاکمیت بھی ضروری شرط ہے.

Q7. بالواسطہ جمہوریت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: بالواسطہ جمہوریت میں عوام اپنے نمائندے خود منتخب کر کے قانون سازاسمبلی تک پہنچاتے ہیں،انتخابات کے دوران مختلف سیاسی جماعتیں رائے دہندگان کے سامنے اپنا منشور پیش کرتی ہیں.انتخابات سے عوام کو موقع ملتا ہے کہ وہ اپنی مرضی سے پوری آزادی کے ساتھ اپنی پسند کے نمائندوں کا انتخاب کریں.

Q8. بلاواسطہ انتخابات کی کوئی دوخامیاں لکھیں.

Ans 1: 1.بلا واسطہ انتخابی عمل ایسا بڑا ملک جس میں رائے دہندگان کی اکثریت ان پڑھ اور جاہل ہو.انتخابات میں صیح اور موزوں نمائندوں کا انتخاب نہیں کر سکتے.2

بڑاوسیع ہوتا ہے.سیاسی جماعتیں مختلف حلقوں کے لیے اپنے اپنے امیدواروں کو ٹکٹ دیتی ہیں،جن سے عوام واقف ہی نہیں ہوتے.اس لیے یہ طریقہ حقیقت پسندی کے خلاف ہے.

Q9. رائے دہندگان سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ریاست کے آئینی اصولوں کے مطابق جن شہریوں کو ووٹ دینے کا حق حاصل ہوانہیں رائے ہندگان کہا جا تا ہے.

Q10. تعلیمی ادارےرائے عامہ کو منظم کرنے کا یک موثر ذریعہ ہیں.بیان کریں.

Ans 1: سکول،کالج،دارلعلوم اور یونیورسٹیاں رائے عامہ کو منظم کرنے کا ایک موثرذریعہ ہیں،تعلیمی ادارے طلباء و طالبات کومختلف معاشی ،معاشرتی،ادبی اور سیاسی مسائل کا مطالعہ کرنے کا وافر مواقع فراہم کرتے ہیں.رائے عامہ کی تشکیل میں اساتذہ اور طلباء کا کردار زیادہ موثر اورمثبت ہوتا ہے.